Thematic Quranic Translation Series - Installment 108
(In English and Urdu)

CHAPTER AL-JAATHIYA (45)

Most Rational & Strictly Academic Re-translations

. . . . .

سلسلہ وار موضوعاتی تراجم کی قسط نمبر108

سورة الجاثية [45]

ایک خالص علمی اور شعوری ترجمہ

اُردو متن انگلش کے بعد

(URDU Text follows the English one)

PRELUDE

The word "Al-Jaathiya – الجاثية" is the title of this Chapter which appears in the context of "nations" in its narrative. Its composition proves that it is a derivative from J Tha W – ج ث و ; which means "Body" (جُثّہ). But strangely, every existing translation has defined this word as "every nation ***kneeling down***", which sounds absurd and is a product of commonplace, street jargon. It has another more logical and literary meaning that has been blatantly ignored. It is "Congregated bodies". Allah swt says that every nation on the Day of Judgement would be "like a ***congregated body***" (Jaathiyatan – "جاثية) before Him, and then will be led to see the written account of its past conduct. This important traditional mistranslation of the text has been corrected through the latest academic and rational translation appearing hereunder.

Manifest Signs of the Creator scattered all over the Universe and the globe, His frequent messages to humanity, indifference of those delivered the messages, their

painful fate; then His Grace and bounties provided for man - on the whole, a summary of Deniers' false claims and then detail of their fateful retribution are the main themes of this Chapter. Language of the text is simple and easily comprehended.

Chapter Al-Jaathiya (45)

حم (١) تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّـهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (٢) إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ (٣) وَفِي خَلْقِكُمْ
وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ (٤) وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنزَلَ اللَّـهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن رِّزْقٍ فَأَحْيَا بِهِ
الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (٥) تِلْكَ آيَاتُ اللَّـهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۖ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ
بَعْدَ اللَّـهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ (٦) وَيْلٌ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ (٧) يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّـهِ تُتْلَىٰ عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَأَن لَّمْ
يَسْمَعْهَا ۖ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (٨) وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۚ أُولَـٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ (٩) مِّن
وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ ۖ وَلَا يُغْنِي عَنْهُم مَّا كَسَبُوا شَيْئًا وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّـهِ أَوْلِيَاءَ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ
عَظِيمٌ (١٠) هَـٰذَا هُدًى ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّن رِّجْزٍ أَلِيمٌ (١١) اللَّـهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ
لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (١٢) وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ
جَمِيعًا مِّنْهُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ (١٣) قُل لِّلَّذِينَ آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ أَيَّامَ اللَّـهِ لِيَجْزِيَ
قَوْمًا بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (١٤) مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ۖ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ (١٥) وَلَقَدْ
آتَيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ (١٦) وَآتَيْنَاهُم بَيِّنَاتٍ
مِّنَ الْأَمْرِ ۖ فَمَا اخْتَلَفُوا إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ
يَخْتَلِفُونَ (١٧) ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَىٰ شَرِيعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ (١٨) إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا
عَنكَ مِنَ اللَّـهِ شَيْئًا ۚ وَإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۖ وَاللَّـهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ (١٩) هَـٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى
وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ (٢٠) أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَن نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاءً
مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۚ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ (٢١) وَخَلَقَ اللَّـهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ
وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (٢٢) أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَـٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّـهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ
بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللَّـهِ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (٢٣) وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا
يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ (٢٤) وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ
إِلَّا أَن قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (٢٥) قُلِ اللَّـهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ
وَلَـٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ (٢٦) وَلِلَّـهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ
الْمُبْطِلُونَ (٢٧) وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ أُمَّةٍ تُدْعَىٰ إِلَىٰ كِتَابِهَا الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٢٨) هَـٰذَا
كِتَابُنَا يَنطِقُ عَلَيْكُم بِالْحَقِّ ۚ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنسِخُ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٢٩) فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُدْخِلُهُمْ
رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ (٣٠) وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ
قَوْمًا مُّجْرِمِينَ (٣١) وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللَّـهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُم مَّا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا
وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ (٣٢) وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (٣٣) وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ
كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَـٰذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ (٣٤) ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّـهِ هُزُوًا
وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ (٣٥) فَلِلَّـهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ
الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (٣٦) وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (٣٧)

Transliteration

Haa-Meeem(1) Tanzeelul Kitaabi minal laahil 'Azeezil Hakeem (2), Innaa fis samaawaati wal ardi la Aayaatil lilmu'mineen(3) Wa fee khalaqikum wa maa yabussu min daaabbatin Aayaatul liqawminy-yooqinoon (4) Wakhtilaafil laili wannahaari wa maaa anzalal laahu minas samaaa'i mir rizqin fa ahyaa bihil arda ba'da mawtihaa wa tasreefir riyaahi Aayaatul liqawminy ya'qiloon (5) Tilka Aayatul laahi natloohaa 'alaika bil haqq, fabiayyi hadeesim ba'dal laahi wa Aayaatihee yu'minoon (6) Wailul likulli affaakin aseem(7) Yasma'u Aayaatil laahi tutlaa 'alaihi summa yusirru mustakbiran ka-al lam yasma'haa fabashshirhu bi'azaabin aleem (8) Wa izaa 'alima min Aayaatinaa shai' 'anit takhazahaa huzuwaa; ulaaa'ika lahum 'azaabum muheen (9) Minw waraaa'ihim Jahannamu wa laa yughnee 'anhum maa kasaboo shai'anw wa laa mat takhazoo min doonil laahi awliyaaa; wa lahum 'azaabun 'azeem (10) Haazaa hudaa; wal lazeena kafaroo bi aayaati Rabbihim lahum 'azaabum mir rijzin 'aleem ***(section 1)(11)*** Allaahul lazee sahkhara lakumul bahra litajriyal fulku feehi bi amrihee wa litabtaghoo min fadlihee wa la'allakum tashkuroon (12) Wa sakhkhara lakum maa fis samaawaati wa maa fil ardi jamee'am minhu; inna feezaalika la Aayaatil liqawminy yatafakkaroon (13) Qul lillazeena aamanoo yaghfiroo lillazeena laa yarjoona ayyaamal laahi liyajziya qawmam bimaa kaanoo yaksiboon (14) Maa 'amila saalihan falinafsihee wa man asaaa'a fa'alaihaa summa ilaa Rabbikum turja'oon (15) Wa laqad aatainaa Baneee Israaa'eelal Kitaaba walhukma wan Nubuwwata wa razaqnaahum minat taiyibaati wa faddalnaahum;alal 'aalameen (16) Wa aatainaahum baiyinaatim minal amri famakh talafooo illaa mim ba'di maa jaaa'ahumul 'ilmu baghyam bainahum; inna Rabbaka yaqdee bainahum Yawmal Qiyaamati feemaa kaanoo feehi yakhtalifoon (17) Summa ja'alnaaka 'alaa sharee'atim minal amri fattabi'haa wa laa tattabi'ahwaaa'al-lazeena laa ya'lamoon (18) Innahum lany yughnoo 'anka minal laahi shai'aa; wa innaz zaalimeena ba'duhum awliyaaa'u ba'dinw wallaahu waliyyul muttaqeen (19) Haazaa basaaa'iru linnaasi wa hudanw wa rahmatul liqawminy yooqinoon (20) Am hasibal lazeenaj tarahus saiyiaati an naj'alahum kallazeena aamanoo wa 'amilu saalihaati sawaaa'am mahyaahum wa mamaatuhum; saaa'a maa yahkumoon ***(section 2) (21)*** Wa khalaqal laahus samaawaati wal arda bilhaqqi wa litujzaa kullu nafsim bimaa kasabat wa hum laa yuzlamoon (22) Afara'ayta manit takhaza ilaahahoo hawaahu wa adal lahul laahu 'alaa 'ilminw wa khatama 'alaa sam'ihee wa qalbihee wa ja'ala 'alaa basarihee ghishaawatan famany yahdeehi mim ba'dil laah; afalaa tazakkaroon (23); Wa qaaloo maa hiya illaa hayaatunad dunyaa namootu wa nahyaa wa maa yuhlikunaaa illad dahr; wa maa lahum bizaalika min 'ilmin in hum illaa yazunnoon (24). Wa izaa tutlaa 'alaihim aayaatuna baiyinaatim maa kaana hujjatahum illaaa an qaalu'too bi aabaaa'inaaa in kuntum saadiqeen (25) Qulil laahu yuhyeekum summa

yumeetukum summa yajma'ukum ilaa Yawmil Qiyaamati laa raiba feehi wa laakinna aksaran naasi laa ya'lamoon ***(section 3)(26)*** Wa lillaahi mulkus samaawaati wal ard; wa Yawma taqoomus Saa'atu Yawma 'iziny yakhsarul mubtiloon (27) Wa taraa kulla ummatin jaasiyah; kullu ummatin tud'aaa ilaa kitaabihaa al Yawma tujzawna maa kuntum ta'maloon (28) Haazaa kitaabunaa yantiqu 'alaikum bilhaqq; innaa kunnaa nastansikhu maa kuntum ta'maloon (29) Fa ammal lazeena aamaanoo wa 'amilus saalihaati fayudkhiluhum Rabbuhum fee rahmatih; zaalika huwal fawzul Mubeen (30) Wa ammal lazeena kafarooo afalam takun Aayaatee tutlaa 'alaikum fastakbartum wa kuntum qawmam mujrimeen (31) Wa izaa qeela inna wa'dallaahi haqqunw was Saa'atu laa raiba feehaa qultum maa nadree mas Saa'atu in nazunnu illaa zannanw wa maa nahnu bimustaiqineen (32). Wa badaa lahum saiyiaatu maa 'amiloo wa haaqa bihim maa kaanoo bihee yastahzi'oon (33). Wa qeelal yawma nansaakum kamaa naseetum liqaaa'a yawmikum haazaa wa maawaakumun Naaru wa maa lakum min naasireen (34) Zaalikum bi annakumut takhaztum aayaatil laahi huzuwanw wa gharratkumul hayaatud dunyaa; fal yawma laa yukhrajoona minhaa wa laahum yusta'taboon (35) Falillaahil hamdu Rabbis samaawaati wa Rabbil ardi Rabbil-'aalameen (36). Wa lahul kibriyaaa'u fissamaawaati wal ardi wa Huwal 'Azeezul Hakeem ***(37) (section 4) (End Juz 25).***

A Specimen of the prevalent Traditional Translation

Ha. Mim. **(1)** THE BESTOWAL from on high of this divine writ issues from God, the Almighty, the Wise. **(2)** Behold, in the heavens as well as on earth there are indeed messages for all who [are willing to] believe. **(3)** And in your own nature, and in [that of] all the animals which He scatters [over the earth] there are messages for people who are endowed with inner certainty. **(4)** And in the succession of night and day, and in the means of subsistence which God sends down from the skies, giving life thereby to the earth after it had been lifeless, and in the change of the winds: [in all this] there are messages for people who use their reason. **(5)** These messages of God do We convey unto thee, setting forth the truth. In what other tiding, if not in God's messages, will they, then, believe? **(6)** Woe unto every sinful self-deceiver **(7)** who hears God's messages when they are conveyed to him, and yet, as though he had not heard them, persists in his haughty disdain! Hence, announce unto him grievous suffering – **(8)** for when he does become aware of any of Our messages, he makes them a target of his mockery! For all such there is shameful suffering in store. **(9)** Hell is ahead of them; and all that

they may have gained [in this world] shall be of no avail whatever to them, and neither shall any of those things which, instead of God, they have come to regard as their protectors: for, awesome suffering awaits them. **(10)** [To pay heed to God's signs and messages:] this is [the meaning of] guidance; on the other hand, for those who are bent on denying the truth of their Sustainer's messages there is grievous suffering in store as an outcome of [their] vileness. **(11)** IT IS GOD who has made the sea subservient [to His laws, so that it be of use] to you so that ships might sail through it at His behest, and that you might seek to obtain [what you need] of His bounty, and that you might have cause to be grateful. **(12)** And He has made subservient to you, [as a gift] from Himself, all that is in the heavens and on earth: in this, behold, there are messages indeed for people who think! **(13)** Tell all who have attained to faith that they should forgive those who do not believe in the coming of the Days of God, [since it is] for Him [alone] to requite people for whatever they may have earned. **(14)** Whoever does what is just and right, does so for his own good; and whoever does evil, does so to his own hurt; and in the end unto your Sustainer you all will be brought back. **(15)** AND, INDEED, [already] unto the children of Israel did We vouchsafe revelation, and wisdom, and prophethood; and We provided for them sustenance out of the good things of life, and favoured them above all other people [of their time]. **(16)** And We gave them clear indications of the purpose [of faith]; and it was only after all this knowledge had been vouchsafed to them that they began, out of mutual jealousy, to hold divergent views: [but,] verily, thy Sustainer will judge between them on Resurrection Day regarding all whereon they were wont to differ. **(17)** And, finally, [O Muhammad,] We have set thee on a way by which the purpose [of faith] may be fulfilled: so follow thou this [way], and follow not the likes and dislikes of those who do not know [the truth]. **(18)** Behold, they could never be of any avail to thee if thou wert to defy the will of God for, verily, such evildoers are but friends and protectors of one another, whereas God is the Protector of all who are conscious of Him. **(19)** This [revelation, then,] is a means of insight for mankind, and a guidance and grace unto people who are endowed with inner certainty. **(20)** Now as for those who indulge in sinful doings - do they think that We place them, both in their life and their death, on an equal footing with those who have attained to faith and do righteous deeds? Bad, indeed, is their judgment: **(21)** for, God has created the heavens and the earth in accordance with [an inner] truth, and [has therefore willed] that every human being shall be recompensed for what he has

earned and none shall be wronged. **(22)** HAST THOU ever considered [the kind of man] who makes his own desires his deity, and whom God has [thereupon] let go astray, knowing [that his mind is closed to all guidance], and whose hearing and heart He has sealed, and upon whose sight He has placed a veil? Who, then, could guide him after God [has abandoned him]? Will you not, then, bethink yourselves? **(23)** And yet they say: “There is nothing beyond our life in this world. We die as we come to life, and nothing but time destroys us.” But of this they have no knowledge whatever: they do nothing but guess. **(24)** And [so,] whenever Our messages are conveyed to them in all their clarity, their only argument is this: “Bring forth our forefathers [as witnesses], if what you claim is true!” **(25)** Say: “It is God who gives you life, and then causes you to die; and in the end He will gather you together on Resurrection Day, [the coming of] which is beyond all doubt - but most human beings understand it not.” **(26)** For, God’s is the dominion over the heavens and the earth; and on the Day when the Last Hour dawns - on that Day will be lost all who [in their lifetime] tried to reduce to nothing [whatever they could not understand]. **(27)** And [on that Day] thou wilt see all people kneeling down [in humility]: all people will be called upon to [face] their record: “Today you shall be requited for all that you ever did! **(28)** This Our record speaks of you in all truth: for, verily, We have caused to be recorded all that you ever did!” **(29)** Now as for those who have attained to faith and done righteous deeds, their Sustainer will admit them to His grace: that will be [their] manifest triumph! **(30)** But as for those who were bent on denying the truth, [they will be told:] “Were not My messages conveyed to you? And withal, you gloried in your arrogance, and so you became people lost in sin: **(31)** for when it was said, ‘Behold, God’s promise always comes true, and there can be no doubt about [the coming of] the Last Hour’ - you would answer, ‘We do not know what that Last Hour may be: we think it is no more than an empty guess, and [so] we are by no means convinced!’” **(32)** And [on that Day,] the evil of their doings will become obvious to them, and they will be overwhelmed by the very thing which they were wont to deride. **(33)** And [the word] will be spoken: “Today We shall be oblivious of you as you were oblivious of the coming of this your Day [of Judgment]; and so your goal is the fire, and you shall have none to succour you: **(34)** this, because you made God’s messages the target of your mockery, having allowed the life of this world to beguile you!” On that Day, therefore, they will not be brought out of the fire, nor will they be allowed to make amends. **(35)** AND THUS, all praise is

due to God, Sustainer of the heavens and Sustainer of the earth: the Sustainer of all the worlds! **(36)** And His alone is all majesty in the heavens and on earth; and He alone is almighty, truly wise! **(37)**

Strictly Transparent, Academic & Rational Translation

"The decree is issued for the confused and anxiously seeking minds (Haamma – حٰمم) (1);); it is the Revelation of the Book from God, the Almighty and the Wise (2). Indeed, in the celestial bodies as well as on the Planet Earth there are apparent signs (aayaatin – آیات) for those who have faith in God (3). And in your own creation/nature, and in the living organisms (daabbatin – دابّۃ) He spreads around, there are apparent signs for those who believe (yuqinoon – یُوقِنون) (4); and in the succession of the night and the day and in the means of subsistence the God sends down from above, infusing thereby life into the Earth after it's death/desolation, and in the changing patterns of winds, there are signs for the people exercising reason (5). These are the messages of God that we recite to you disclosing the truth; therefore, in what discourse other than God's and His Messages are they going to believe (6). Woe to every sinful liar (7) who listens to God's messages recited to him and then persists in his proud disdain as though he has not listened to them! Hence, give him the tidings of a painful torment (8); for even if he knew about any of our messages, he mocked it. Such are the ones entitled to a miserable suffering (9). Hell follows them and what they have acquired, and all those they have taken as masters instead of God, are going to be of no avail to them, since a great suffering awaits them (10). This is a permanent mode of conduct (hudan – هُدی); and those who deny the messages from their Lord, they are entitled to a evil kind of painful punishment (11). It is the God who has brought under your control vast expanses of land so that you may settle and run the communities in it in accordance with His will/command and may seek of His bounties, in order that your hard toils may bear fruit (12). And He has made subservient to you all that exists in the celestial bodies and on the Planet Earth; indeed in that there are signs for those who deliberate (13).

Tell the faithful ones to ignore those who do not expect the time of God's retribution to come, so that God may recompense them for what they have been working for (14). Whoever performed reformative/welfare deeds, that will be beneficial for his own self; and whoever committed evil that will go against it. Eventually, to your Lord you will be returned (15).

We had given the Israelites the Scripture, the rule, the leadership, and had provided them with the good things and had given them superiority over other nations (16),

and had enlightened them with clarifications from the divine commands. Then what they differed about after the knowledge had come to them was because of animosity between themselves. Indeed, your Lord is going to pass judgement between them, at the time of establishment of the Hereafter (youm alqiyamah – يوم القيامة), in respect of what they used to differ about (17). Thereafter, we have now appointed you over a way of conduct (sharee'atin – شريعة) under our command; so follow it and do not follow the wishes of those bereft of knowledge (18). They will not avail you against God at all. And in fact, the transgressors are the protectors/supporters of one another, while God is the protector of the righteous ones (19). These are the enlightening observations (basaa'ir- بصائر) for the common people, and a perpetual guidance, and mercy for the faithful (20). Do those who commit evil think that we would treat them at par with those who had faith and performed wellfare deeds like they are equal in their living and in their death? How wicked is their judgement (21); whereas, the God has created the Universe and the Earth on the basis of truth/justice, and its purpose is to recompense every soul for what it has strived for, and to see that they are not exploited/wronged (22).

Have you observed the one who has taken his wishes for his god and the God has let him get lost in spite of having knowledge and awareness, and has set seal upon his hearing and thinking and blurred his vision? Who then is going to guide him after the God? Do you all not take cognizance of it? (23) And they would that there is nothing ahead except this worldly life of ours; we die and we live, and nothing destroys us except the passage of time. But they have no knowledge on this issue; they only guess (24). And when our detailed messages are recited to them, their only argument is to say, "Bring back our forefathers to life if you are truthful in your stand" (25). Tell them, it is the God who gives you all life, then gives you death, thereafter He is going to assemble you for the time of establishment of the Hereafter (youm alqiyamah – يوم القيامة) about which there is no doubt; but most of the people are devoid of that knowledge (26). And for God alone is the rule of the Universe and the Earth, and when the appointed time comes, that day the deniers would be the losers (27). And you will see all nations in congregated bodies (Jaathiyatan – جاثية); every nation being invited to look at its account and told, "This is the day you would be recompensed for what your conduct has been (28). This is our record/account which speaks about you in truth; We made arrangements to write down what you have been doing (29)". As for those who attained to faith and performed welfare deeds, their Lord would admit them into the aura of His mercy; that would be a very prominent achievement (30). As for those who denied the truth, they will be asked, "Were not our messages recited to you, then you acted arrogantly and became a community of criminals(31). And

when it was made clear that the bidding of God was true and the time of accountability was coming beyond any doubt, you said, we know not what is the time of accountability; we do not think about it except as an assumption, as we are not convinced about it"(32). And that's the start for them of the evil consequences of their past conduct and they will be overcome by what they used to ridicule (33). And it will be said, "Today we will forget all about you just as you had forgotten the meeting of this day of yours, and your destination is the fire and you have nobody to help you (34); that's because you had taken God's messages in ridicule and the worldly life deceived you". So, once in that phase, they will never be taken out of it, neither will they be allowed to make amends for their sins (yusta'taboon – يُستعتبون) (35). Hence, praise be for the Lord of the Universe and Lord of the Earth who is Lord of all the nations (36). And for Him is the exclusive greatness in the entire Universe and the Earth; and He alone is the Exalted one in Might and in Wisdom (37).

اُردو متن کی ابتدا یہاں سے ہوتی ہے

سلسلہ وار موضوعاتی تراجم کی قسط نمبر108

سورة الجاثية [45]

ایک خالص علمی اور شعوری ترجمہ

پیش لفظ

لفظ "الجاثیۃ" اس سورۃ کا عنوان ہے جو سورۃ کے بیانیے میں "اقوام" کے تناظر میں ظاہر کیا گیا ہے۔ جیسا کہ لفظ کی ترکیب ہی سے واضح ہے کہ یہ لفظ "جُثّے" سے مشتق ہے، اور جُثہ" جسم یا باڈی کو کہا جاتا ہے۔ لیکن نہایت عجیب انداز میں، ہر موجود ترجمے میں اس لفظ کو "ہر قوم گھٹنوں پر جھکی ہوگی" کے معنی سے تعبیر کیا گیا ہے جو ایک مہمل انداز کا حامل ہے اور ممکنہ طور پر عربی زبان کے ایک عامیانہ اور بازاری اسلوب کی پیداوار معلوم ہوتا ہے۔ اس کا ایک دیگر لغوی معنی بھی موجود ہے جو زیادہ منطقی اور ادبی معیار کا حامل ہے، اور جسے نہایت لاپرواہی سے نظر انداز کیا گیا ہے۔ یہ معنی "ایک مجتمع کیا ہوا جسم یا جُثہ" ہے۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ یہاں فرماتا ہے کہ قیامت

کے دن ہر قوم اُس ذاتِ پاک کے سامنے "ایک مجتمع کیے ہوئے جسم یا جُثے" کے طور پر پیش ہو گی، اور پھر اُسے اُس کے اعمال کے تحریرشدہ حساب کو دیکھنے لے جایا جائے گا۔ روایتی تراجم میں نظر آنے والی اس اہم غلطی کی درستگی نیچے آنے والے علمی و عقلی ترجمے میں کر دی گئی ہے۔

کائنات اور زمین پر پھیلی ہوئی خالق کی نمایاں نشانیاں، اُس کے انسانیت کے لیے بار بار بھیجے گئے پیغامات اور ہدایات، جن کو پیغامات بھیجے گئے اُن کی بے حسی، اُن کا دردناک انجام؛ پھر خالق کی رحمت اور عنایات جو انسان کے لیے فراہم کی گئیں؛ بحیثیتِ مجموعی کُفّار کے بے بنیاد دعوے اور پھر اُن کے انجام پر مبنی سزائیں، اس سورۃ کے خاص موضوعات ہیں۔ متن کی عبارات سادہ اور آسان فہم ہیں۔

سورة الجاثية [45]

حم (١) تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّـهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (٢) إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ (٣) وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ (٤) وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنزَلَ اللَّـهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن رِّزْقٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (٥) تِلْكَ آيَاتُ اللَّـهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۖ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّـهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ (٦) وَيْلٌ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ (٧) يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّـهِ تُتْلَىٰ عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا ۖ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (٨) وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۚ أُولَـٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ (٩) مِّن وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ ۖ وَلَا يُغْنِي عَنْهُم مَّا كَسَبُوا شَيْئًا وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّـهِ أَوْلِيَاءَ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ (١٠) هَـٰذَا هُدًى ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّن رِّجْزٍ أَلِيمٌ (١١) اللَّـهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (١٢) وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ (١٣) قُل لِّلَّذِينَ آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ أَيَّامَ اللَّـهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (١٤) مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ۖ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ (١٥) وَلَقَدْ آتَيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ (١٦) وَآتَيْنَاهُم بَيِّنَاتٍ مِّنَ الْأَمْرِ ۖ فَمَا اخْتَلَفُوا إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (١٧) ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَىٰ شَرِيعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ (١٨) إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا عَنكَ مِنَ اللَّـهِ شَيْئًا ۚ وَإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۖ وَاللَّـهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ (١٩) هَـٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ (٢٠) أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَن نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۚ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ (٢١) وَخَلَقَ اللَّـهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (٢٢) أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَـٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّـهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللَّـهِ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (٢٣) وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ (٢٤) وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (٢٥) قُلِ اللَّـهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَلَـٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ (٢٦) وَلِلَّـهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ (٢٧) وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ أُمَّةٍ تُدْعَىٰ إِلَىٰ كِتَابِهَا الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٢٨) هَـٰذَا كِتَابُنَا يَنطِقُ عَلَيْكُم بِالْحَقِّ ۚ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنسِخُ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٢٩) فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُدْخِلُهُمْ

رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ (٣٠) وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ (٣١) وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللَّـهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُم مَّا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ (٣٢) وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (٣٣) وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ (٣٤) ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّـهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ (٣٥) فَلِلَّـهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (٣٦) وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (٣٧)۔

مروجہ روایتی تراجم یا ایک نمونہ

ح م **(1)** اِس کتاب کا نزول اللہ کی طرف سے ہے جو زبردست اور حکیم ہے **(2)** حقیقت یہ ہے کہ آسمانوں اور زمین میں بے شمار نشانیاں ہیں ایمان لانے والوں کے لیے **(3)** اور تمہاری اپنی پیدائش میں، اور اُن حیوانات میں جن کو اللہ (زمین میں) پھیلا رہا ہے، بڑی نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو یقین لانے والے ہیں **(4)** اور شب و روز کے فرق و اختلاف میں، اور اُس رزق میں جسے اللہ آسمان سے نازل فرماتا ہے پھر اس کے ذریعہ سے مردہ زمین کو جِلا اٹھاتا ہے، اور ہواؤں کی گردش میں بہت نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو عقل سے کام لیتے ہیں **(5)** یہ اللہ کی نشانیاں ہیں جنہیں ہم تمہارے سامنے ٹھیک ٹھیک بیان کر رہے ہیں اب آخر اللہ اور اس کی آیات کے بعد اور کون سی بات ہے جس پر یہ لوگ ایمان لائیں گے **(6)** تباہی ہے ہر اُس جھوٹے بد اعمال شخص کے لیے **(7)** جس کے سامنے اللہ کی آیات پڑھی جاتی ہیں، اور وہ اُن کو سنتا ہے، پھر پورے استکبار کے ساتھ اپنے کفر پر اِس طرح اڑا رہتا ہے کہ گویا اس نے اُن کو سنا ہی نہیں ایسے شخص کو درد ناک عذاب کا مژدہ سنا دو **(8)** ہماری آیات میں سے کوئی بات جب اس کے علم میں آتی ہے تو وہ اُن کا مذاق بنا لیتا ہے ایسے سب لوگوں کے لیے ذلت کا عذاب ہے **(9)** اُن کے آگے جہنم ہے جو کچھ بھی انہوں نے دنیا میں کمایا ہے اس میں سے کوئی چیز اُن کے کسی کام نہ آئے گی، نہ اُن کے وہ سرپرست ہی اُن کے لیے کچھ کر سکیں گے جنہیں اللہ کو چھوڑ کر انہوں نے اپنا ولی بنا رکھا ہے اُن کے لیے بڑا عذاب ہے **(10)** یہ قرآن سراسر ہدایت ہے، اور اُن لوگوں کے لیے بلا کا درد ناک عذاب ہے جنہوں نے اپنے رب کی آیات کو ماننے سے انکار کیا **(11)** وہ اللہ ہی تو ہے جس نے تمہارے لیے سمندر کو مسخر کیا تاکہ اس کے حکم سے کشتیاں اُس میں چلیں اور تم اس کا فضل تلاش کرو اور شکر گزار ہو **(12)** اس نے زمین اور آسمانوں کی ساری ہی چیزوں کو تمہارے لیے مسخر کر دیا، سب کچھ اپنے پاس سے اِس میں بڑی نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرنے والے ہیں**(13)** اے نبیؐ، ایمان لانے والوں سے کہہ دو کہ جو لوگ اللہ کی طرف سے برے دن آنے کا کوئی اندیشہ نہیں رکھتے، اُن کی حرکتوں پر درگزر سے کام لیں تاکہ اللہ خود ایک گروہ کو اس کی کمائی کا بدلہ دے **(14)** جو کوئی نیک عمل کرے گا اپنے ہی لیے کرے گا، اور جو برائی کرے گا وہ آپ ہی اس کا خمیازہ بھگتے گا پھر جانا تو سب کو اپنے رب ہی کی طرف ہے **(15)** اِس سے پہلے بنی اسرائیل کو ہم نے کتاب اور حکم اور نبوت عطا کی تھی اُن کو ہم نے عمدہ سامان زیست سے نوازا، دنیا بھر کے لوگوں پر انہیں فضیلت عطا کی **(16)** اور دین کے معاملہ میں اُنہیں واضح ہدایات دے دیں پھر جو اختلاف اُن کے درمیان رو نما ہوا وہ (نا واقفیت کی وجہ سے نہیں بلکہ) علم آ جانے کے بعد ہوا اور اس بنا پر ہوا کہ وہ آپس میں ایک

دوسرے پر زیادتی کرنا چاہتے تھے اللہ قیامت کے روز اُن معاملات کا فیصلہ فرما دے گا جن میں وہ اختلاف کرتے رہے ہیں **(17)** اس کے بعد اب اے نبیؐ، ہم نے تم کو دین کے معاملہ میں ایک صاف شاہراہ (شریعت) پر قائم کیا ہے لہٰذا تم اسی پر چلو اور اُن لوگوں کی خواہشات کا اتباع نہ کرو جو علم نہیں رکھتے **(18)** اللہ کے مقابلے میں وہ تمہارے کچھ بھی کام نہیں آ سکتے ظالم لوگ ایک دوسرے کے ساتھی ہیں، اور متقیوں کا ساتھی اللہ ہے **(19)** یہ بصیرت کی روشنیاں ہیں سب لوگوں کے لیے اور ہدایت اور رحمت اُن لوگوں کے لیے جو یقین لائیں **(20)** کیا وہ لوگ جنہوں نے برائیوں کا ارتکاب کیا ہے یہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ ہم اُنہیں اور ایمان لانے والوں اور نیک عمل کرنے والوں کو ایک جیسا کر دیں گے کہ ان کا جینا اور مرنا یکساں ہو جائے؟ بہت بُرے حکم ہیں جو یہ لوگ لگاتے ہیں **(21)** اللہ نے تو آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا ہے اور اس لیے کیا ہے کہ ہر متنفس کو اُس کی کمائی کا بدلہ دیا جائے لوگوں پر ظلم ہرگز نہ کیا جائے گا**(22)** پھر کیا تم نے کبھی اُس شخص کے حال پر بھی غور کیا جس نے اپنی خواہش نفس کو اپنا خدا بنا لیا اور اللہ نے علم کے باوجود اُسے گمراہی میں پھینک دیا اور اُس کے دل اور کانوں پر مہر لگا دی اور اُس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا؟ اللہ کے بعد اب اور کون ہے جو اُسے ہدایت دے؟ کیا تم لوگ کوئی سبق نہیں لیتے؟ **(23)** یہ لوگ کہتے ہیں کہ "زندگی بس یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے، یہیں ہمارا مرنا اور جینا ہے اور گردش ایام کے سوا کوئی چیز نہیں جو ہمیں ہلاک کرتی ہو" در حقیقت اِس معاملہ میں اِن کے پاس کوئی علم نہیں ہے یہ محض گمان کی بنا پر یہ باتیں کرتے ہیں **(24)** اور جب ہماری واضح آیات انہیں سنائی جاتی ہیں تو اِن کے پاس کوئی حجت اس کے سوا نہیں ہوتی کہ اٹھا لاؤ ہمارے باپ دادا کو اگر تم سچے ہو **(25)** اے نبیؐ، اِن سے کہو اللہ ہی تمہیں زندگی بخشتا ہے، پھر وہی تمہیں موت دیتا ہے، پھر وہی تم کو اُس قیامت کے دن جمع کرے گا جس کے آنے میں کوئی شک نہیں، مگر اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں **(26)** زمین اور آسمانوں کی بادشاہی اللہ ہی کی ہے، اور جس روز قیامت کی گھڑی آ کھڑی ہو گی اُس دن باطل پرست خسارے میں پڑ جائیں گے **(27)** اُس وقت تم ہر گروہ کو گھٹنوں کے بل گرا دیکھو گے ہر گروہ کو پکارا جائے گا کہ آئے اور اپنا نامۂ اعمال دیکھے اُن سے کہا جائے گا: "آج تم لوگوں کو اُن اعمال کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے رہے تھے **(28)** یہ ہمارا تیار کرایا ہوا اعمال نامہ ہے جو تمہارے اوپر ٹھیک ٹھیک شہادت دے رہا ہے، جو کچھ بھی تم کرتے تھے اُسے ہم لکھواتے جا رہے تھے **(29)** "پھر جو لوگ ایمان لائے تھے اور نیک عمل کرتے رہے تھے انہیں ان کا رب اپنی رحمت میں داخل کرے گا اور یہی صریح کامیابی ہے **(30)** اور جن لوگوں نے کفر کیا تھا اُن سے کہا جائے گا "کیا میری آیات تم کو نہیں سنائی جاتی تھیں؟ مگر تم نے تکبر کیا اور مجرم بن کر رہے **(31)** اور جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ برحق ہے اور قیامت کے آنے میں کوئی شک نہیں، تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا ہوتی ہے، ہم تو بس ایک گمان سا رکھتے ہیں، یقین ہم کو نہیں ہے**(32)** " اُس وقت اُن پر ان کے اعمال کی برائیاں کھل جائیں گی اور وہ اُسی چیز کے پھیر میں آ جائیں گے جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے **(33)** اور ان سے کہہ دیا جائے گا کہ "آج ہم بھی اُسی طرح تمہیں بھلائے دیتے ہیں جس طرح تم اِس دن کی ملاقات کو بھول گئے تھے تمہارا ٹھکانا اب دوزخ ہے اور کوئی تمہاری مدد کرنے والا نہیں ہے **(34)** یہ تمہارا انجام اس لیے ہوا ہے کہ تم نے اللہ کی آیات کا مذاق بنا لیا تھا اور تمہیں دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال دیا تھا لہٰذا آج نہ یہ لوگ دوزخ سے نکالے جائیں گے اور نہ ان سے کہا جائے گا کہ معافی مانگ کر اپنے رب کو راضی کرو **(35)** "پس تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو زمین

اور آسمانوں کا مالک اور سارے جہان والوں کا پروردگار ہے **(36)** زمین اور آسمانوں میں بڑائی اُسی کے لیے ہے اور وہی زبردست اور دانا ہے**(37)** ۔

جدید اور شفاف علمی و شعوری ترجمہ

"پریشان اور تلاش میں بھٹکتے اذہان کے لیے قولِ فیصل جاری کر دیا گیا ہے [حٰمم] [1]؛ یہ وہ کتاب ہے جواللہ تعالیٰ کی جانب سے نازل کر دی گئی ہے، جو غلبے اور دانش کا مالک ہے [2]۔ بے شک کائناتی کُرّوں [السماوات] میں اور زمین پر اللہ پر یقین رکھنے والوں کے لیے واضح نشانیاں ہیں [3]۔ اور تمہاری اپنی تخلیق/فطرت میں اور جو بھی جاندار اس نے ہر طرف پھیلا دیے ہیں ان میں بھی یقین رکھنے والوں کے لیے کھلی نشانیاں ہیں[4]۔ مزید برآں، شب و روز کی تبدیلی یا تغیر میں، اور جو کچھ کہ اللہ نے بلندیوں سے سامانِ زیست کی شکل میں نازل کیا ہے، جس سے یہ زمین مردہ یا ویران ہونے کے بعد زندگی سے لہلہا اُٹھتی ہے، اور ہواوں کی گردشوں میں بھی، عقل و دانش سے کام لینے والی قوم کے لیے نشانیاں ہیں [5]۔ یہ اللہ کے پیغامات/نشانیاں ہیں جو ہم تمہارے لیے سچائی کے ساتھ پڑھ کر بیان کر رہے ہیں۔ پھر اللہ کے اس کلام اور نشانیوں کے بعد یہ لوگ اور کس کلام پر ایمان لائیں گے؟[6] تباہی ہے ہر اُس جھوٹے، گنہگار کے لیے [7] جواللہ کی آیات/پیغامات سنتا ہے جب اسے پڑھ کر سنائے جاتے ہیں، بعد ازاں گھمنڈی کی مانند اپنے موقف پر مصر رہتا ہے گویا کہ اس نے انہیں سنا ہی نہ ہو؛ پس اُسے دردناک سزا کی خبر سنا دو [8]، کیونکہ جب ہماری آیات میں سے کوئی بات اس کے علم میں آ بھی جاتی ہے تو وہ اُس کا تمسخر اُڑاتا ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کی سزا ذلت و رسوائی ہے [9]۔ ان کے تعاقب میں جہنم لگی ہوئی ہے، اور اگر انہوں نے محنت کر کے کچھ حاصل بھی کیا ہے، وہ اُن کے کسی کام نہ آئے گا، اور نہ ہی وہ لوگ کام آئیں گے جنہیں انہوں نے اللہ کے سوا اپنا سرپرست بنایا ہوا ہے۔ اور اُن کے لیے بڑی سخت سزا ہے [10]۔ یہ تو ایک دائمی برقرار رہنے والی ہدایت یا ضابطہِ عمل ہے؛ اور جن لوگوں نے اپنے پروردگار کے پیغامات کا انکار کیا ہے، اُن کے لیے بہت بُری قسم کا دردناک عذاب ہے [11]۔ یہ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے زمین کے وسیع قطعے تسخیر کر دیے تاکہ تم وہاں معاشرے/بستیاں اللہ کے احکام کے تحت قائم کرو اور چلا سکو اور اُس کی عنایات تلاش کرو اور تمہاری کوششیں بار آور ہوں [12]۔ اور اُس نے تمہارے ماتحت وہ سب کچھ بھی کر دیا جو اس پوری کائنات اور زمین میں موجود ہے [13]۔ یقینا اس سب میں غور و فکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں [13]۔

اہلِ ایمان سے کہدو کہ جو لوگ اللہ کی پکڑ کا وقت آجانے کی توقع نہیں رکھتے انہیں نظر انداز کر دو، اور انہیں اپنے کرتوت کا نتیجہ بھگتنے کے لیے چھوڑ دو [14]۔ کیونکہ جس نے اصلاحی/فلاحی کام کیے، وہ اس کی اپنی ذات کے لیے منفعت بخش ہیں؛ اور جس نے بُرے کام کیے تو اُن کی ذمہ داری بھی اُسی کی ذات پر عائد ہے۔ آخرِ کار تم سب نے اللہ ہی کے سامنے پیش ہونا ہے [15]۔

ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب، حکومت اور نبوۃ عطا کر دی تھی اور انہیں بہترین سامانِ زیست مہیا کر دیا تھا اور انہیں دیگر اقوامِ عالم پر فوقیت عطا کر دی تھی [16] اور ہم نے انہیں الہامی احکام کے سلسلے میں کھلی ہدایات بھی دے دی تھیں۔ پھر اس تمام علم کے آ جانے کے بعد ان میں جو اختلافات

پیدا ہوئے وہ ایک دوسرے کے ساتھ سرکشی کی بنا پر پیش آئے تھے؛ بیشک اللہ آخرت کے قیام کے وقت اُن کے درمیان اُن معاملات کا فیصلہ کر دے گا جن میں وہ ایک دوسرے کے خلاف ہوے تھے [17]۔ اُس کے بعد ہم نے تمہیں اپنے احکامات کے درست راستے پر قائم کر دیا، پس تم اسی کا اتباع کرو، اور جو لوگ علم نہیں رکھتے اُن کی خواہشات کا اتباع نہ کرو [18]۔ بیشک یہ وہ ہیں جنہیں اللہ سے کوئی چیز بھی بچا نہیں سکتی۔ اور درحقیقت ظالم لوگ ایک دوسرے کے ساتھی ہوتے ہیں۔ لیکن پرہیزگاروں کا ساتھی اللہ تعالیٰ ہے [19]۔ یہ عام انسانوں کے لیے بصیرت کی روشنیاں ہیں، اور یقین کرنے والوں کے لیے راہنمائی اور رحمت کا سرچشمہ ہیں [20]۔ کیا جن لوگوں نے برائیوں کا ارتکاب کیا ہے وہ یہ سمجھتے تھے کہ ہم انہیں جینے اور مرنے میں اہلِ ایمان اور صالحین کے مساوی لے آئیں گے؟ یہ لوگ کتنا غلط فیصلہ کررہے ہیں [21]۔ جب کہ اللہ تعالیٰ نے ساری کائنات اور زمین سچائی کی بنیاد پر تخلیق کی ہے، اور یہ اس لیے کہ ہر نفس/ذات کو اُس کے کیے کا بدلہ مل جائے اور ان کے ساتھ کوئی حق تلفی نہ کی جاسکے [22]۔

کیا پھر تم نے اُس کی حالت پر بھی غور کیا ہے جس نہ اپنی خواہشات ہی کو اپنا حاکم بنا لیا ہے، اور اللہ نے اس کے علم کے باوجود اُسے گمراہی میں پڑنے دیا، اور اس کی سماعت اور سوچ پر مہر لگا دی اور اُس کی نظروں کے آگے پردہ ڈال دیا؛ پھر اُسے اللہ کے بعد اب کون ہدایت دے سکتا ہے؟ کیا تم اس سے سبق نہیں لیتے؟ [23] پھر یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہماری دنیاوی حیات کے سوا کوئی اور زندگی نہیں ہے، ہم مرتے اور جیتے ہیں اور یہ صرف وقت کا گذران ہے جو ہمیں ہلاک کر دیتا ہے۔ لیکن ان کے پاس اس بارے میں علم نہیں ہے۔ یہ صرف ظن و تخمین سے کام لیتے ہیں [24]؛ اور جب انہیں ہماری کھلی نشانیاں پڑھ کر بتائی جاتی ہیں، تو ان کی حجت اس کے سوا نہیں ہوتی کہ اگر تم سچے ہو تو ہمارے آباء کو زندہ کر لاو [25]۔ انہیں کہدو اللہ ہی تمہیں زندگی بخشتا ہے، پھر تمہیں موت دیتا ہے، پھر اس کے بعد تم سب کو آخرت کے قیام پر جمع کرے گا، جس کے آنے پر کوئی شک نہیں ہے۔ لیکن انسانیوں کی اکثریت اس کا علم نہیں رکھتی [26]۔ اور اس کائنات اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے اور جس دن اُس وقت کا قیام عمل میں آ گیا، اُس دن جھوٹ گھڑنے والوں کے لیے خسارہ ہوگا [27]۔ اور تم دیکھوگے کہ ہر قوم ایک مجتمع جسم/جُثّے [جاثیۃ] کی مانند ہوگی۔ ہر قوم کو اُس کے اعمالنامے کی طرف بلایا جائے گا۔ کہا جائے گا، "آج تم سب کواُس کا بدلہ مل جائے گا جو کچھ کہ تم کرتے رہے ہو [28]۔ یہ ہمارا تیار کیا ہوا اعمال نامہ ہے جو تم پر سچائی کے ساتھ شہادت دے گا۔ جو کچھ بھی تم کرتے رہے ہو، ہم اسے لکھوانے کا بندوبست کرتے رہے ہیں۔ [29] پھر وہ لوگ جو ایمان لائے اور بھلائی کے کام کرتے رہے، ان کا پروردگار انہیں اپنی رحمت میں داخل کر لے گا۔ یہ ایک بہت بڑا مرتبہ ہوگا [30]۔ اور جو لوگ انکار پر اڑے رہے، ان سے کہا جائے گا، "کیا میرے پیغامات تمہیں پڑھ کر سنائے نہیں گئے، اور پھر کیا تم نے تکبر نہیں کیا، اور ایک مجرمین کی قوم بن کر رہ گئے؟ [31] اور جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور وہ خاص وقت بلا شبہ آنے والا ہے، تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے وہ خاص وقت کیا ہے؛ ہم تو اس کے بارے میں گمان ہی رکھ سکتے ہیں، اس کا یقین ہم کو نہیں ہے" [32]۔ اور یہ ہی ابتدا ہوگی ان کے لیے ان کے اعمال کے نتائج کے سامنے آنے کی، اور جس کا وہ تمسخر اُڑاتے رہے تھے وہ انہیں اپنی گرفت میں لے لے گا [33]۔ اور یہ کہا جائے گا "آج کے دن ہم تمہیں بھول جائیں گے ایسے ہی جیسے کہ تم اپنے اس آنے والے دن کا

سامنا بھول گئے تھے، اور تمہارا مقدر اب آگ ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں ہے [34]۔ اور تمہارا یہ انجام اس لیے ہوا ہے کہ تم اللہ کے پیغامات کا مذاق اُڑایا کرتے تھے، اور دنیا کی زندگی نے تمہیں دھوکے میں ڈال دیا تھا۔ لہٰذا اب وہ وہاں سے کبھی نکالے نہیں جائیں گے اور نہ ہی انہیں ان کے گناہوں کی تلافی کا موقع دیا جائے گا [35]۔ فلھٰذا تمام تعریف و ستائش کائنات اور زمین کے پروردگار کے لیے ہے جو تمام اقوامِ عالم کا بھی مالک ہے [36] اور اُسی کے لیے کائنات اور زمین پر عظمت ہے کیونکہ وہی غلبے اور دانائی والا ہے [37]۔"